اکرام اللہ ساجد کیلانی

تعارف و تبصرہ کتب

نام کتاب . . . . تذکرہ مصنفین درسِ نظامی
مصنف . . . . جناب اختر راہی ایم۔ اے
ناشر . . . . مسلم اکادمی ۲۹/۱۸ محمد نگر۔ لاہور
ضخامت . . . . ۲۷۲ صفحات
قیمت . . . . ۶ روپے ، ۷۰ پیسے محصول ڈاک علاوہ

نت نئے ، اچھوتے لیکن بہت ہی اہم موضوع تلاش کرنے میں جناب اختر راہی صاحب کا جواب نہیں (اور یہی بات کتاب کے ناشر جناب حافظ نذر احمد صاحب کے متعلق بھی کہی جاسکتی ہے) نبل ہتے بھی خوب ہیں۔ زیرِ نظر کتاب ان کی تازہ ترین تصنیف ہے جو مصنفین درسِ نظامی کے حالاتِ زندگی پر لکھی گئی ہے۔

یہ ایک تلخ حقیقت ہے کہ دینی مدارس سے باہر کی دنیا تو رہی ایک طرف ، اکثر صاحبانِ درس و تدریس بھی اپنی نصابی کتب کے مصنفین و مؤلفین سے کما حقہٗ باخبر نہیں ہوتے۔ لہٰذا ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ راہی صاحب نے یہ کتاب لکھ کر جہاں وقت کی ایک بیحد اہم ضرورت کو پورا کیا ہے وہاں ایک بہت بڑی علمی خدمت بھی سر انجام دی ہے ، جس کے لئے وہ بجا طور پر ہدیۂ تحسین و تبریک کے مستحق ہیں۔

اس کتاب میں اس موضوع کی تکمیل کا ادعا اگرچہ ہرگز نہیں کیا جاسکتا تاہم یہ بات بلا ریب و تردد کہی جاسکتی ہے کہ درسِ نظامی میں شامل شاذ ہی کوئی ایسی کتاب ہو گی جس کے مصنف ، مؤلف ،